واجبات نہ ملنے پر بلدیاتی ریٹائر ملازمین کی بھوک ہڑتال

ریٹائر ملازمین، پنشنرز، مزدور و دیگر یونینز اور تنظیموں کے قائدین کی شرکت

واجبات کی عدم ادائیگی سے گھروں میں فاقہ کشی شروع ہوگئی، ریٹائر ملازمین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے بلدیاتی اداروں کے ایم سی، ٹی ایم سیز کے ریٹائر ملازمین اور بیواؤں کے 2017 سے واجبات کی عدم ادائیگی، اکتوبر 2023 سے ٹی ایم سیز کے ریٹائر ملازمین کے پنشن کیسز کے ایم سی میں جمع نہ ہونے سے ریٹائر ملازمین کے گھروں میں فاقہ کشی شروع ہوگئی، کے ایم سی اور ٹی ایم سیز کے ملازمین کے نمائندہ یونینوں نے مشترکہ الائنس کے تحت کے ایم سی ہیڈ آفس کے سامنے بھوک ہڑتالی کیمپ لگا کر غیر معینہ مدت کیلئے علامتی بھوک ہڑتال کا آغاز کردیا، دھرنے کے بعد جاری احتجاجی تحریک کے سلسلے میں ہونے والی بھوک ہڑتال میں ریٹائر ملازمین اور پنشنرز کے ساتھ ساتھ آل کے ایم سی ٹی ایم سیز ریٹائرڈ ایمپلائز ویلفیئر الائنس میں شامل یونینز و ایکشن کمیٹیاں آجن یونین، متحدہ ورکرز فرنٹ، یونائیٹڈ ورکرز یونین کنیز فاطمہ گروپ، یونائیٹڈ ورکرز یونین فرید اعوان گروپ، پیپلز یونائیٹڈ ورکرز یونین ساؤتھ، کے ایم سی جوائنٹ ایمپلائز ایکشن کمیٹی و دیگر سمیت مختلف تنظیموں کے قائدین سید ذوالفقار شاہ، محمد کامران، محمد رفیق، گل اسلام، حبیب الرحمن اعوان کے ساتھ ساتھ ٹی ایم سیز اور کے ایم سی کے سیکڑوں ریٹائر ملازمین و پنشنرز نے شرکت کی، ریٹائرڈ ملازمین نے بھوک ہڑتال کو مطالبات کی منظوری تک جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا اور ریٹائر ملازمین کا کہنا تھا کہ واجبات کی عدم ادائیگی کی وجہ سے گھروں میں فاقہ کشی شروع ہوگئی ہے، عدالت سے بھی رجوع کیا جائے گا۔

عدالت نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناح اسپتال کو کام سے روک دیا

تعیناتی کا نوٹیفکیشن بھی معطل، فریقین کو نوٹس، آئندہ سماعت پر جواب طلب

ڈاکٹر شاہد جامعہ میں پروفیسر ہیں، ایگزیکٹو ڈائریکٹر بننے کے اہل نہیں، درخواست گزار

کراچی (کورٹ رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ نے ڈیپوٹیشن پر تعینات ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناح اسپتال ڈاکٹر شاہد رسول کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن معطل کرتے ہوئے کام کرنے سے روک دیا۔ ہائیکورٹ میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر جے پی ایم سی ڈاکٹر شاہد رسول کی ڈیپوٹیشن پر تعیناتی سے متعلق درخواست پر سماعت ہوئی، درخواستگزار ڈاکٹر نازش بٹ کے وکیل الطاف جاوید ایڈووکیٹ نے موقف اختیار کیا کہ جے پی ایم سی وفاق کے تحت چلتا ہے وفاقی حکومت کے رولز کے مطابق ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی پوسٹ پر پچھلے گریڈ کے افسر کو پرموٹ کیا جاتا ہے یا پھر پبلک سروس کمیشن کے تحت نئی تقرری ہوتی ہے، سندھ حکومت نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر جے پی ایم سی کی تعیناتی کے لیے وفاق سے مشاورت بھی نہیں کی، ڈاکٹر شاہد رسول کو ڈیپوٹیشن پر تعیناتی کے وقت جے پی ایم سی کے رولز کو بھی مدنظر نہیں رکھا گیا، ڈاکٹر شاہد رسول جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی میں پروفیسر ہیں اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے عہدے کے لیے اہل ہی نہیں ہیں انہیں عہدے سے ہٹانے کا حکم دیا جائے، عدالت نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناح اسپتال ڈاکٹر شاہد رسول کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن معطل کرتے ہوئے انہیں کام کرنے سے روک دیا، عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر جواب طلب کرلیا۔

انڈس اسپتال کا 1350 بستروں پر مشتمل ایمرجنسی سروسز کا آغاز

یہ اسٹیٹ آف دی آرٹ ایمرجنسی سروسز ہیں جو مریضوں کو فوری اور معیاری طبی امداد فراہم کرینگی، وزیر صحت ڈاکٹر عذرا

لاکھوں مریضوں کو معیاری طبی سہولتیں فراہم کرنا ایک خواب تھا جو آج پورا ہوگیا، سی ای او انڈس اسپتال ڈاکٹر ظفر زیدی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انڈس اسپتال نے نئی ایمرجنسی سروسز کا آغاز 1350 بستروں پر مشتمل جدید ڈپارٹمنٹ کے ساتھ کردیا، وزیر صحت ڈاکٹر عذرا افضل پیچوہو نے افتتاح کیا اور کہا کہ ایسے منصوبے بڑھتی ہوئی آبادی کے لیے ضروری ہیں، انڈس اسپتال کی نئی عمارت میں 1350 بستروں پر مشتمل جدید ایمرجنسی سروسز کا آغاز کیا گیا ہے جو خوش آئند ہے، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سی ای او انڈس اسپتال ڈاکٹر ظفر زیدی نے کہا کہ یہ ہمارا خواب تھا کہ ایک جدید ایمرجنسی یونٹ قائم کریں جو کراچی کے لاکھوں مریضوں کو معیاری طبی سہولتیں فراہم کرے آج ہم اس خواب کی تعبیر کا جشن منا رہے ہیں اور جلد ہی او پی ڈی سروسز کا بھی آغاز ہوگا۔

گورنمنٹ پیپر بیر سائنس کالج میں اساتذہ پروفیسر طارق اور اہلیہ کیلیے اجلاس میں دعا کر رہے ہیں

سپلا کا پروفیسر طارق اور اہلیہ کے لیے دعائیہ اجلاس

کراچی (پ ر) گورنمنٹ پریمیئر سائنس کالج کے سپلا یونٹ کی جانب سے پروفیسر طارق صلاح الدین اور ان کی اہلیہ کے انتقال پر تعزیتی اجلاس منعقد ہوا اس موقع پر کراچی ریجن کے نائب صدر پروفیسر زاہد احمد لطیف، سینئر جوائنٹ سیکریٹری پروفیسر حبیب خان، ڈسٹرکٹ کورنگی کے صدر (باقی صفحہ 5 نمبر 14)

کباڑی کا سامان چوری کرنے پر پولیس افسر کے خلاف عدالتی حکم پر مقدمہ درج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کباڑی کا سامان چوری کرنے پر پولیس افسر عباس سیال کے خلاف عدالتی حکم پر مقدمہ درج کرلیا گیا، تفصیلات کے مطابق 13 اکتوبر کی شام سابق چوکی انچارج سائٹ سپر ہائی وے عباس سیال نے پولیس پارٹی کے ہمراہ کباڑی کے گودام میں چھاپہ مارا اور 22 سے 25 لاکھ روپے کا سامان چوری کرلیا، سامان چوری کرنے کے بعد عباس سیال اور پولیس پارٹی نے یہ سامان فروخت کردیا جس کے بعد مدعی مقدمہ (باقی صفحہ 5 نمبر 15)

موروثی سیاست پھر اپنی جڑیں پھیلا رہی ہے، پاسبان

ملک میرٹ کی بنیاد پر ترقی کرتے ہیں، سازشوں سے نہیں چلتے، الطاف شکور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور نے کہا ہے کہ موروثی سیاست پھر اپنی جڑیں پھیلا رہی ہے اسے مکمل ختم کرنا چاہیے پاسبان موروثیت اور وڈیرہ شاہی کو جڑ سے اکھاڑنے کا عزم رکھتی ہے، بڑی سیاسی جماعتیں اپنے ہی مسائل میں الجھی ہوئی ہیں اور انہیں عوام کے مسائل کا نہ ادراک ہے اور نہ ہی دلچسپی، عوام ان پرانے سیاست دانوں سے بیزار اور کسی مسیحا کی تلاش میں ہیں، وقت آگیا ہے کہ اب صرف میرٹ اور عوام کو عزت دی جائے۔ پاسبان لوٹوں سے پاک عوامی سیاسی جماعت ہے جو بند کمروں اور ڈرائنگ روم کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی، وہ عزم نو اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اجلاس میں پاسبان کے وائس چیئرمین اعظم منہاس، عبدالحاکم قائد، کراچی کے آرگنائزر طارق چاندی والا، خواتین ونگ کی عزیزہ فاطمہ، نرگس خاتون، و دیگر بھی شریک تھے۔ الطاف شکور نے مزید کہا تھا کہ کرپشن اور اقربا پروری سیاسی خاندانوں کا گھر بن چکا ہے۔ ملک میرٹ کی بنیاد پر ترقی کرتے ہیں، سازشوں سے نہیں چلتے۔

پروفیسر عصمت آرا وائس آف ساؤتھ ایشیا کے سی ای او زاہدانا کو شیلڈ دی رہی ہیں

سترہویں عالمی اردو کانفرنس کا آغاز 5 دسمبر سے ہوگا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام چار روزہ "سترہویں عالمی اردو کانفرنس 2024" جشن کراچی کا آغاز 5 دسمبر سے ہوگا، کانفرنس 8 دسمبر تک جاری رہے گی، اس کا اعلان صدر آرٹس کونسل احمد شاہ نے معروف دانشور و مورخ ڈاکٹر انور مقصود اور معروف شاعر افتخار عارف، نورالہدیٰ شاہ، اعجاز فاروقی کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کیا، کانفرنس کے دوران فنون لطیفہ، شاعری، ادب سمیت مختلف موضوعات پر الگ الگ سیشنز ہوں گے۔

ابراہیم حیدری میں گھر کی دیوار گرنے سے خاتون جاں بحق، دوسری زخمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ابراہیم حیدری میں جناح میڈیکل کے قریب گھر کی دیوار گرنے سے دب کر ایک خاتون جاں بحق جبکہ دوسری زخمی ہوگئی، ریسکیو حکام کے مطابق متوفیہ کی شناخت 55 سالہ راج بی بی کے نام سے کی گئی، زخمی خاتون 50 سالہ آسیہ بی بی کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے، دیوار گرنے کے باعث خواتین کے سروں پر گہری چوٹیں آئی تھیں۔

جامعہ کراچی: وائس آف ساؤتھ ایشیا کا طلبا کیلیے انٹرن شپ کا اعلان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وائس آف ساؤتھ ایشیا نے جامعہ کراچی کے شعبہ ابلاغ عامہ میں شجرکاری منصوبے میں معاونت کی، ڈاکیومینٹری فلمز/ وی او ایس ایشیا کی طرف سے شعبہ ابلاغ عامہ کے متعلقہ حصے میں 4 ہزار درخت لگائے جائیں گے، جامعہ کراچی کے شعبہ ابلاغ عامہ میں تقریب کا اہتمام کیا گیا تقریب کی میزبانی ڈپارٹمنٹ کی چیئرپرسن پروفیسر ڈاکٹر عصمت آرا نے کی وائس آف ساؤتھ ایشیا کے چیف ایگزیکٹو آفیسر زاہدانا کراچی بیورو کی ٹیم کے ہمراہ شریک ہوئے وائس آف ساؤتھ ایشیا کی سی ای او زاہدانا نے طلبہ وطالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہو شجر کاری کے ساتھ ساتھ پروڈکشن کے (باقی صفحہ 5 نمبر 13)

INVITATION TO E-BIDS

PROCUREMENT OF Acoustic Doppler Current Profiler (ADCP) & Accessories

No. 4641/ADCP/NCB-01

The office of CE/PD (Indus Telemetry), Wapda, Wapda House Lahore hereby intends to invite electronic bids from original manufacturer/authorized distributor/ suppliers/contractors/service providers registered with Income Tax and Sales Tax Department for supply of following goods:

Sr. No.	Description of Equipment
1.	ADCP (2 Nos), RTK and Accessories
2.	Boat, OBM and Accessories Specifications attached as Annex-I
3	Miscellaneous Items

Note: List of items, their quantities and technical specifications are given in Section-V of Bidding Documents.

2. E-bidding documents as per regulations, containing detailed terms and conditions, specifications and requirements etc. are available for the registered bidders on EPADS at (www.eprocure.gov.pk)

3. The electronic bids, must be submitted by using EPADS on or before December 30th, 2024 till 11:00 AM. Manual bids, shall not be accepted. Electronic Bids will be opened on the same day at 11:30 am in Mini Committee Room- 743, in the presence of the bidders designated representatives. Single Stage-Two Envelope (1S2E) Bidding Procedure shall be followed for this procurement.

Note: Notification of the GRC constituted in terms of Rule-48 of PPRA rules, 2004 is provided on EPADS at www.eprocure.gov.pk and on PA's website (if any)

CE/PD (Indus Telemetry), WAPDA
Room No.536, Wapda House Lahore,
TEL# 042-99202271, 99202211/2171 | Email: cepdibisit@gmail.com

This notice is also available at PPRA Website: www.ppra.org.pk

PID(L)1547/24 Website: www.wapda.gov.pk PRD(L)/WAPDA/202(2024-25)

آرکروما پاکستان لمیٹڈ

ARCHROMA LIFE ENHANCED

اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ آرکروما پاکستان لمیٹڈ کا انتیسواں سالانہ اجلاس عام، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس بمقام 1-A/1، سیکٹر 20، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کورنگی، کراچی میں بروز جمعرات 26 دسمبر 2024 بوقت صبح 10:00 بجے مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

عمومی امور

1- چیئرپرسن کا جائزہ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کیساتھ 30 ستمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو وصول اور منظور کرنے کیلئے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 223 کے مطابق اور S.R.O 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کی تعمیل میں، کمپنی کے مالی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کئے گئے ہیں جنہیں درج ذیل ویب لنک اور کارآمد QR کوڈ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

https://archroma.com.pk/Investors-Information/AnnualReport.

2- سال 2025 کیلئے ایکسٹرنل آڈیٹر کی تقرری کی منظوری اور ان کے معاوضے کو طے کرنا، ممبران کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کو کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تقرری کیلئے سفارش کی ہے۔

دیگر کاروبار

3- چیئر کی اجازت سے دیگر کوئی اور عام امور

کراچی 31 اکتوبر 2024

حسب الحکم بورڈ

ایم عرفان لاکھانی
کمپنی سیکریٹری

نوٹس

1- شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:

(i) کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 19 دسمبر 2024 سے 26 دسمبر 2024 (دونوں دن شامل ہیں)، بند رہیں گی، 18 دسمبر 2024 تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز FAMCO شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-F، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6، P.E.C.H.S.، شاہراہ فیصل، کراچی کے پاس موصول ہونے والے ٹرانسفرز سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے حق کیلئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

2- پراکسیز کے تقرر کیلئے ضروریات:

(a) سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا ایک حقدار ممبر، کسی دوسرے ممبر کو اپنے بجائے شرکت کرنے، بات کرنے اور ووٹ دینے کیلئے اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے اور اس طرح مقرر کردہ پراکسی کو اجلاس میں شرکت، بات کرنے اور ووٹ دینے کے وہ ہی حقوق حاصل ہوں گے جیسا کہ ایک ممبر کو حاصل ہیں۔ ایک پراکسی کا کمپنی کا رکن ہونا ضروری نہیں ہے۔

(b) مناسب طریقے سے پُر/تعمیل کردہ پراکسی فارم، کارآمد ہونے کیلئے، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس 1-A/1، سیکٹر 20، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کورنگی، کراچی پر اجلاس سے 48 گھنٹے قبل، علاوہ تعطیلات، وصول ہوجانا چاہئے۔

(c) پراکسی فارم پر دو افراد تصدیق کریں گے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر فارم پر درج کئے جائیں گے۔

(d) پراکسی فارم کیساتھ مستفید مالکان اور پراکسی کے CNIC کی کاپی یا کارآمد پاسپورٹ کی کاپی پیش کرنا ہوگی۔

(e) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی نمونہ دستخط کیساتھ (اگر پہلے جمع کرائے گئے ہوں) کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوگا۔

(f) پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

3- سالانہ اجلاس عام میں ذاتی طور پر یا وڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت

ایک ممبر، جس نے اپنے شیئرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں جمع کرائے ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت لازمی طور پر اپنے شراکت دار کا ID نمبر اور CDC اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر کیساتھ اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ ساتھ لانا ہوگا۔

جو ممبران سالانہ اجلاس عام میں الیکٹرونیکلی شرکت کے خواہشمند ہیں کمپنی ان کو یہ سہولت فراہم کرے گی، ان شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی تفصیلات متعین کردہ ای میل mohsin.ali@archroma.com پر بھیج کر میٹنگ کے وقت سے 48 گھنٹے قبل یعنی 24 دسمبر 2024 کو صبح 10:00 بجے تک، ذیل میں دیئے گئے جدول کے مطابق خود کو رجسٹر کرالیں۔

شیئر ہولڈر کا نام/ پراکسی ہولڈر	CNIC نمبر/ NTN نمبر/ پاسپورٹ نمبر	فولیو نمبر/ CDC اکاؤنٹ نمبر	★ موبائل نمبر	★ ای میل ایڈریس

★ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ بروقت رابطے کو یقینی بنانے کیلئے اپنے فعال موبائل نمبرز اور ای میل ایڈریسز فراہم کریں۔

وڈیو لنک کی سہولت صبح 9:30 بجے شروع ہوگی، جس سے شرکاء کارروائی میں شامل ہوسکیں گے جو صبح 10:00 بجے شروع ہوگی۔

4- شیئر ہولڈر کے پتے/ دیگر تفصیلات کی اپڈیشن:

ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ اگر انکے پتوں اور دیگر تفصیلات میں کوئی تبدیلی ہو تو فوری طور پر کمپنی کو مطلع کریں۔ فزیکل شیئرز کی صورت میں کمپنی/شیئر رجسٹرار کو اور CDC شیئرز کیلئے، متعلقہ سینٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) شرکاء کو مطلع کریں۔

مزید کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق 119 اور کمپنیز ریگولیشنز، 2024 کے ضابطہ 47 کے تقاضوں کی تعمیل کرنے کیلئے، تمام CDC اور شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ای میل ایڈریسز اور سیل فون نمبرز فراہم کریں جو ان کے فزیکل فولیو یا CDC اکاؤنٹ میں شامل/ اَپ ڈیٹ کیا گیا ہے۔

(5) CNIC اور NTN جمع کرانا، اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو۔

ضرورت کے مطابق، اگر آپ کا CNIC نمبر کمپنی کے ریکارڈ میں دستیاب نہیں ہے، تو آپ کا ڈیویڈنڈ آپ کے فراہم کئے گئے اکاؤنٹ میں جمع نہیں کیا جائیگا، اس ریگولیٹری تقاضے کی تعمیل کرنے کیلئے، آپ سے درخواست ہے کہ براہ کرم اپنے CNIC کی فوٹو کاپی اپنے بروکر (شرکت کنندہ)/ CDC انوسٹر اکاؤنٹ سروسز کو بھیجیں اور فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز FAMCO شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فوری طور پر بھیجیں۔

وقتاً فوقتاً جاری کردہ ریگولیٹری ہدایات کی تعمیل میں، جن ممبران نے ابھی تک اپنے CNIC نمبرز اور/ یا نیشنل ٹیکس نمبرز (NTN) فراہم نہیں کئے ہیں (جو بھی صورت ہو)، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد کارآمد CNIC اور/ یا NTN سرٹیفکیٹس کی کاپیاں فوری فراہم کریں۔

- وہ شیئر ہولڈرز جن کے پاس کمپنی کے شیئرز فزیکل شکل میں ہیں اس سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ بالا معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز FAMCO شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس جمع کرائیں۔
- سینٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) کے تحت اپنے شیئر ہولڈنگز کو برقرار رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ مندرجہ بالا معلومات براہ راست متعلقہ شرکت کنندہ/ CDC انوسٹر اکاؤنٹ سروس کو جمع کرائیں۔

(افراد کیلئے) کارآمد CNIC کی عدم دستیابی کی صورت میں اور (کارپوریٹ اداروں کیلئے) این ٹی این کی عدم دستیابی کی صورت میں، کمپنی SECP کی ہدایات اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 243(2)(a) کے مطابق، کمپنی ڈیویڈنڈ روکنے پر مجبور ہوگی۔

(6) الیکٹرونک طور پر نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی (لازمی)

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق 242 کی تعمیل میں ایک پبلک لسٹڈ کمپنی کیلئے یہ لازمی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو براہ راست اہل شیئر ہولڈر کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں صرف الیکٹرونک موڈ کے ذریعے نقد ڈیویڈنڈ ادا کرے۔

لہٰذا، آرکروما پاکستان لمیٹڈ کے تمام شیئر ہولڈرز، جنہوں نے اپنے بینک کی تفصیلات فراہم نہیں کی ہیں، ایک بار پھر اس نوٹس کے ذریعے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ شیئرز کی الیکٹرونک شکل کیلئے اپنے درست اور مکمل 24 ہندسوں والے IBAN کو بینک کے نام، برانچ کا پتہ، CNIC نمبر اور درست ای میل ایڈریس کے ساتھ سی ڈی سی کے متعلقہ شرکاء/ انوسٹرز اکاؤنٹ سروسز کو اپ ڈیٹ کریں، فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں ہمارے شیئرز رجسٹرار میسرز FAMCO شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ 8-F، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، P.E.C.H.S.، شاہراہ فیصل، کراچی کو اپ ڈیٹ کریں۔

براہ کرم نوٹ فرمالیں کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 243(3) کے مطابق، شیئر ہولڈرز کی جانب سے ضروری معلومات فراہم نہ کرنے پر، لسٹڈ کمپنیاں ڈیویڈنڈ روکنے کا حق رکھتی ہیں۔

ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم شیئر ہولڈرز کی سہولت کیلئے کمپنی کی ویب سائٹ (https://archroma.com.pk) پر دستیاب ہے۔

کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی صرف اکاؤنٹ نمبر کی بنیاد پر عمل میں لائی جائیگی، آپ کی کمپنی آپ کی ہدایات کے مطابق اکاؤنٹ نمبر پر انحصار کرنے کی اہل ہے، کمپنی کسی بھی وجہ سے، نقصان، واجبات یا دعوے کیلئے ذمہ دار نہیں ہوگی جو براہ راست یا بالواسطہ کسی غلطی یا تاخیر، یا اس کی کسی بھی ذمہ داری کی انجام دہی میں ناکامی کی وجہ سے ہو، جو کہ ادائیگی کی غلط ہدایات اور/ یا اس سے بعد کسی بھی واقعے کی وجہ سے ہوئی ہو۔

(7) کارآمد QR کوڈ اور بذریعہ ای میل سالانہ رپورٹس کی ترسیل

SECP کی جانب سے S.R.O.389(I)2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے تحت دی گئی اجازت کے مطابق، 28 دسمبر 2023 کو منعقدہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز نے کمپنی کو یہ اختیار دیا ہے کہ وہ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے CD/DVD/USB کے بجائے کارآمد QR کوڈ اور ویب لنک (https://archroma.com.pk/Investors-Information/AnnualReport) کے ذریعے گردش کرے۔

(8) CDC کے CCDR ویب پورٹل میں رجسٹریشن (لازمی)

سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) نے eServices ویب پورٹل پر سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر ("CCDR") تیار کیا ہے، جس میں لسٹڈ کمپنیوں کی جانب سے ادا شدہ، غیر ادا کردہ یا روکے گئے نقد منافع سے متعلق تفصیلات شامل ہیں، CCDR لسٹڈ کمپنیوں کی طرف سے شیئر ہولڈرز کو ادا کئے گئے منافع کی تاریخ کو مینٹین رکھنے میں مدد کریگا اور متعلقہ شیئر ہولڈرز کو ایسی تمام معلومات تک رسائی فراہم کی جائیگی جس میں انکم ٹیکس/ زکوٰۃ کی کٹوتی وغیرہ کی تفصیلات (اگر کوئی ہو) اور ان کے بینک اکاؤنٹس میں جمع کی گئی خالص رقم شامل ہے۔

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ مندرجہ بالا سہولت حاصل کرنے کیلئے خود کو CDC کے ای۔سروسز پورٹل https://csp.cdcaccess.com.pk پر رجسٹر کریں۔

(9) غیر دعویدار ڈیویڈنڈ

کمپنی نے پہلے کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 244 کے تحت اپنی ذمہ داری ادا کی ہے جس کے تحت کمپنی نے قانون کے مطابق اپنے غیر دعویدار منافع کا دعویٰ کرنے کیلئے شیئر ہولڈرز سے رابطہ کیا۔

کمپنی کے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ کی ایک تازہ ترین فہرست، جو کہ واجب الادا اور قابل ادائیگی ہونے کی تاریخ سے تین سال کی مدت تک ہے، کمپنی کی ویب سائٹ www.archroma.com.pk پر دستیاب ہے۔

شیئر ہولڈرز، کمپنی کے ویب سائٹ پر دستیاب کلیم فارم پر اپنا کلیم داخل کرسکتے ہیں، ڈیویڈنڈ حاصل کرنے کیلئے کلیم فارم لازمی طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کرائے جائیں۔

وہ شیئر ہولڈرز جن کے ڈیویڈنڈز کا ابھی تک دعویٰ نہیں کیا گیا ہے، ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی بقایا ڈیویڈنڈ کی رقم کا دعویٰ کرنے کیلئے کمپنی سے رجوع کریں۔

(10) CDC اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز جمع کرانا

کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کی شق 72 کے مطابق ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی پر لازم ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم کیساتھ تبدیل کرے جیسا کہ بیان کیا گیا ہے اور کمیشن کی طرف سے مطلع کردہ تاریخ سے، اس مدت کے اندر جو چار سال سے زیادہ نہ ہو، ایکٹ کے آغاز سے یعنی 30 مئی 2017، مزید برآں، SECP نے اپنے 26 مارچ 2021 کے لیٹر کے ذریعے ایکٹ کی شق 72 پر عملدرآمد کرنے اور شیئر ہولڈرز کو اپنے شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کی ترغیب دینے کا مشورہ دیا ہے۔

مندرجہ بالا کی روشنی میں، فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کیساتھ CDC ذیلی اکاؤنٹ کھولیں یا براہ راست CDC کیساتھ انوسٹر اکاؤنٹ کھولیں تا کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس فارم میں تبدیل کرسکیں، اس سے انہیں کئی طریقوں سے سہولت ملے گی، بشمول محفوظ تحویل، اور وہ جب چاہیں شیئرز کی فروخت کرسکیں۔

(11) ویڈیو لنک کی سہولت کیلئے رضا مندی

SECP سرکلر نمبر 10 بابت 2014 مورخہ 21 مئی 2014، ملاکر پڑھیں ایکٹ کی شق 134(1)(b) کے تحت موجود دفعات کیساتھ کے مطابق، اگر کمپنی کو جغرافیائی محل وقوع پر رہنے والے مجموعی طور پر 10% یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبران کی جانب سے، اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 10 دن پہلے ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ میٹنگ میں شرکت کرنے کیلئے درخواست/ مطالبہ موصول ہوتا ہے، کمپنی اس شہر میں اس طرح کی سہولت کی دستیابی سے مشروط، ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی۔

اس سلسلے میں، براہ کرم درج ذیل فارم کو پر کریں اور AGM کے انعقاد سے 10 دن قبل کمپنی کو اس کے رجسٹرڈ پتے پر جمع کرائیں، مجموعی طور پر 10% یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبران کی درخواست/ مطالبہ موصول ہونے کے بعد کمپنی ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام سے متعلق AGM کی تاریخ سے کم از کم پانچ (5) دن قبل اس طرح کی سہولت تک رسائی کیلئے ضروری مکمل معلومات کیساتھ مطلع کرے گی۔

ویڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے درخواست

میں/ ہم/ میسرز ________ بطور ممبر (ممبرز) آف آرکروما پاکستان لمیٹڈ حامل ______

آرڈنری شیئر (شیئرز) بمطابق فولیو نمبر _____ اور/ یا CDC شراکت ID اور سب اکاؤنٹ نمبر _____ بذریعہ ہذا بمقام

______ شہر ______ میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے خواہاں ہیں۔

(ممبران) کے دستخط

(براہ کرم کارپوریٹ ادارے کی صورت میں کمپنی کی مہر لگائیں)

ویب سائٹ پر مالی کھاتوں کی پلیسمنٹ

30 ستمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ www.archroma.com.pk پر دستیاب ہیں۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ اگر کوئی ممبر سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی حاصل کرنا چاہتا ہے تو ایسے ممبران کو تحریری درخواست پر مذکورہ SRO کے مطابق اس کا پرنٹ شدہ ورژن مفت فراہم کیا جائیگا، اس حق/ استحقاق میں کوئی تبدیلی تجویز نہیں کی جا رہی ہے۔

AUCTION NOTICE

Sealed offers are invited from interested parties, Firms/Individuals for auction of **Miscellaneous Material containing Rig Material / Spares / Equipment under SRO-678(I)/2004 vide NOC No. C.NO.01 (11) IDP/2024/4649 dated: 02-12-2024** issued by Collector-ate of Customs Islamabad Dryport, Islamabad. The specified material is located at CCDC warehouse **Plot # 55, 56, 57 Humak Town Sihala, Islamabad on "AS IS WHERE IS BASIS"**.

Interested vendors/contractors and individuals having valid NTN and registered with FBR are eligible to participate/visit warehouse for inspection of the material **on or before December 09, 2024 (Monday) during timings between 0800hrs to 1600hrs. Before visiting the inspection site, advance intimation to the company for prior approval is mandatory.**

Sealed Bids along with the Bid Bond in the shape of Pay Order amounting to Rs. 8,000,000.00 (Rupees Eight Million Only) in favour of CNPC Chuanqing Drilling Engineering Company Limited (Pakistan Branch) **must be delivered to the designated address below not later than December 10, 2024 (Tuesday) at 1030hrs.**

Attention:
The Director
Procurement, Imports & Custom Affairs Department
CNPC Chuanqing Drilling Engineering Company Limited
(Pakistan Branch)
House No. 9, Street No. 6, F-6/3, Islamabad-Pakistan

1. **Any bid submitted after 1030hrs will be rejected and returned unopened.**
2. **Bids not accompanied with the Bid Bond shall liable to be rejected.**
3. **Bids not submitted, as per TORs (Term of References) and as per the bid specimen shall liable to be rejected.**
4. Income tax and any applicable taxes/duties would be collected in accordance with the prevailing laws separately from successful bidders if any applicable.
5. Tender Documents/Term of Reference (TOR) can be obtained from the office address as aforementioned during business hours 0800hrs to 1630hrs or upon request at iftikhar@ccdc.com.pk; naveed.ahmed@ccdc.com.pk; before the bid closing date and time i.e. **December 10, 2024 (Tuesday) at 1030hrs;**
6. **The successful bidder is required to deposit 50% of the estimated amount in advance in the Shape of Pay Order in favour of the company to be calculated on the estimated weight of the material / equipment.**
7. The company retains the right to reject any or all offers without providing reasons or to terminate the entire bidding process at any stage.
8. **Bids will be publically opened on December 10, 2024 (Tuesday) at 1430hrs.**
9. For information/Query, please contact at Cell No. 03153515474, 03335138548 during normal business hours only.

F.No.4-12/ZAKAT TENDER/2024-25/HWC/NICH

حکومت سندھ

ہیلتھ ویلفیئر کمیٹی

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ کراچی-75510

نوٹس برائے طلبی ٹینڈر (این آئی ٹی)

سنگل اسٹیج ون اینویلپ طریقہ کار بذریعہ ای پی اے ڈی ایس

ہیلتھ ویلفیئر کمیٹی نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ، کراچی، برائے سال 25-2024 زکوٰۃ فنڈ میں سے بلک پرچیز میں مختلف میڈیکل آئٹمز کی فراہمی کیلئے سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس ڈپارٹمنٹ سے رجسٹرڈ معروف اور مستحکم فرموں/ کمپنیوں سے ای۔پی اے ڈی ایس (ای۔پاک ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم) کے ذریعے ٹینڈر طلب کرتی ہے۔ صرف فارماسیوٹیکل کمپنیاں/ مینوفیکچررز/ مجاز سول ایجنٹس/ ڈسٹری بیوٹرز وغیرہ شرکت کیلئے اہل ہیں۔ منسلک قواعد و ضوابط پر مشتمل بڈنگ دستاویزات https://sindh.eprocure.gov.pk پر دیکھی/ ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں۔ 05.12.2024 سے 19.12.2024 تک ٹینڈر فروخت کئے جائینگے۔ الیکٹرونک پیشکش ای پی اے ڈی ایس کے ذریعے جمع کرائی جائیں۔ بولی دہندگان سے الیکٹرونک پیشکشیں جمع کرانے کیلئے لنک //sindh.eprocure.gov.pk/#/supplier/registration پر ای پی اے ڈی ایس سسٹم سے اپنے آپ کو رجسٹرڈ کرانے کی درخواست کی جاتی ہے۔

بڈنگ دستاویزات میں دی گئی ہدایت کی مطابقت میں تیار کی گئی پیشکشیں 20.12.2024 صبح 10:30 بجے سے قبل ای پی اے ڈی ایس پر لازمی جمع کرادیں۔ ٹینڈر فیس-/Rs.1000 کے اصل انسٹرومنٹ نقد ادائیگی (ناقابل واپسی) اور آئٹم کی بڈ سیکیورٹی تین فیصد عارضی رقم بشکل پے آرڈر/ بینک ڈرافٹ/ سی ڈی آر پیشکشیں جمع کرانے کی آخری تاریخ سے قبل پروکیورنگ ایجنسی تک لازمی پہنچ جانے چاہئیں، جو اسی دن 11:00 بجے میٹنگ روم این آئی سی ایچ، کراچی پر کھولے جائینگے۔

ای۔بڈنگ کے کسی استفسار کیلئے ایگزیکٹو ڈائریکٹر، این آئی سی ایچ، کراچی، فون نمبر: 4-99201291-021 ایکسٹینشن 232 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ حکومت کی جانب سے عام تعطیل کے اعلان یا کسی ناگزیر حالات کی صورت میں، ٹینڈر اسی وقت اور مقام کیساتھ آئندہ کام والے دن جمع کرایا جائیگا۔

خریدار/ این آئی سی ایچ، ایس پی پی آر اے رولز 2010 (ترمیم شدہ) کی متعلقہ شق کے تحت کسی/ تمام پیشکشوں کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ کسی مشکل کی صورت میں، ممکنہ بولی دہندگان ای پی اے ڈی ایس ہیلپ لائن 137-137-111-051 پر دوران دفتری ایام/ اوقات میں رابطہ کرسکتے ہیں۔

دستخط

(پروفیسر ناصر سلیم سڈل)

ایگزیکٹو ڈائریکٹر

INF/KRY/3863/2024

پڑھے گا سندھ تو ۔۔۔۔ بڑھے گا سندھ